- ثُمَّ فِي سِلۡسِلَةٖ ذَرۡعُهَا سَبۡعُونَ ذِرَاعٗا فَٱسۡلُكُوهُ
- وَٱخۡتَارَ مُوسَىٰ قَوۡمَهُۥ سَبۡعِينَ رَجُلٗا لِّمِيقَٰتِنَا
- فَٱجۡلِدُوهُمۡ ثَمَٰنِينَ جَلۡدَةٗ

Numbers 21 to 99

- تِسۡعٞ وَتِسۡعُونَ نَعۡجَةٗ وَلِيَ نَعۡجَةٞ وَٰحِدَةٞ

Numbers 100 and above

- إِن يَكُن مِّنكُمۡ عِشۡرُونَ صَٰبِرُونَ يَغۡلِبُواْ مِاْئَتَيۡنِ
- وَإِن يَكُن مِّنكُم مِّاْئَةٞ يَغۡلِبُوٓاْ أَلۡفٗا
- وَإِن يَكُن مِّنكُمۡ أَلۡفٞ يَغۡلِبُوٓاْ أَلۡفَيۡنِ
- أَلَن يَكۡفِيَكُمۡ أَن يُمِدَّكُمۡ رَبُّكُم بِثَلَٰثَةِ ءَالَٰفٖ مِّنَ ٱلۡمَلَٰٓئِكَةِ
- يُمۡدِدۡكُمۡ رَبُّكُم بِخَمۡسَةِ ءَالَٰفٖ مِّنَ ٱلۡمَلَٰٓئِكَةِ
- وَأَرۡسَلۡنَٰهُ إِلَىٰ مِاْئَةِ أَلۡفٍ أَوۡ يَزِيدُونَ
- فَلَبِثَ فِيهِمۡ أَلۡفَ سَنَةٍ إِلَّا خَمۡسِينَ عَامٗا

The ordinal numbers

- هُوَ ٱلۡأَوَّلُ وَٱلۡأٓخِرُ
- ثَانِيَ ٱثۡنَيۡنِ إِذۡ هُمَا فِي ٱلۡغَارِ
- فَعَزَّزۡنَا بِثَالِثٖ
- سَيَقُولُونَ ثَلَٰثَةٞ رَّابِعُهُمۡ كَلۡبُهُمۡ
- وَٱلۡخَٰمِسَةُ أَنَّ لَعۡنَتَ ٱللَّهِ عَلَيۡهِ إِن كَانَ مِنَ ٱلۡكَٰذِبِينَ
- سَادِسُهُمۡ كَلۡبُهُمۡ
- وَثَامِنُهُمۡ كَلۡبُهُمۡ

The Fractions

- وَلَكُمۡ نِصۡفُ مَا تَرَكَ أَزۡوَٰجُكُمۡ
- فَلَكُمُ ٱلرُّبُعُ مِمَّا تَرَكۡنَ
- فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ
- لِكُلِّ وَٰحِدٖ مِّنۡهُمَا ٱلسُّدُسُ
- فَلِأُمِّهِ ٱلثُّلُثُ
- فَإِن كَانَ لَكُمۡ وَلَدٞ فَلَهُنَّ ٱلثُّمُنُ مِمَّا تَرَكۡتُم

The Distributive Adjectives

- فَٱنكِحُواْ مَا طَابَ لَكُم مِّنَ ٱلنِّسَآءِ مَثۡنَىٰ وَثُلَٰثَ وَرُبَٰعَ

معدود کا حکم Ma'dood ka hukm Rule of Madood	عدد کا اعراب Adad ka erab Declention of numbers	عدد کا حکم بحیثیت موافق اور مخالف Adad ka hukm bahaisiyat muwafiq aur mukhalif Orderings of numbers	عدد کی قسم Adad ki Qism Types of numbers	عدد Adad numbers
"ان" دونوں کے بعد ذکر نہیں ہو گا بلکہ ان دونوں سے پہلے ہو گا۔ In dono ke baad zikr nahi hoga balke in dono se pehle hoga. After these number it will not come but comes in the begining	واحد :موقع کے حساب سے ظاہری حرکات کے ذریعہ اعراب دیا جائے گا۔ تثنیہ: حالت رفع میں "الف" اور حالت نصب اور جر میں "ی" دیا جائے گا۔ Wahed: Mauqe ke hisaab se zaaheri harkaat ke zariye aeraab diya jayega Tasniya : Haalat e rafa' me "Alif" aur Haalat e nasb aur Jarr me "Ya" diya jayega Singular : Aerab is given as per the requirement. Dual: In position of Rafa "Alif " is placed and in postion of nasab and jar 'ya' is placed.	معدود کے موافق ہوگا۔ مثال: رجلٌ واحدٌ، إمرأةٌ واحدةٌ۔ رجلانِ اثنانِ، إمرأتانِ اثنتانِ۔ Ma'dood ke muwafiq hoga. Misaal : Rajulun wahidun, imra'atun wahedatun, rajulaani isnaani, imraataani isnataani Will be according to Madood	مفرد Mufrad singular	ایک اور دو (واحد اور تثنیہ) Ek aur do (Wahed aur Tasniya) Singular and dual
جمع مجرور اضافت کی وجہ سے Jama' majroor izaafat ki wajah se Plural is majroor because of possession	موقع کے حساب سے ظاہری حرکات کے ذریعے اعراب دیا جائے گا Mauqe ke hisaab se zaaheri harkaat ke zariye aeraab diya jayega Based on position aerab is given as per the requirement	معدود کے مخالف ہوگا: ثلاثةُ رجالٍ ، ثلاثُ نساءٍ- Ma'dood ke mukhalif hoga Opposite to Madood	اضافت Izaafat	تین سے دس تک Teen se das tak From 3 to 10
مفرد مجرور اضافت کی وجہ سے Mufrad Majroor izaafat ki wajah se Plural is majroor because of possession	موقع کے حساب سے ظاہری حرکات کے ذریعہ اعراب دیا جائے گا ،سوائے تثنیہ کے اس کو تثنیہ کا اعراب دیا جائے گا۔ Mauqa ke hisab se zaheri harkaat ke zariyea eraab diya jayega, siwaye tasniya ke is ko tasniya ka aeraab diya jayega. Based on position aerab is given as per requirement except in dual aerab of the dual form is given.	ہمیشہ ایک حالت لازم ہوگی: فی المسجد الفُ مصحفٍ ومئةُ سجادةٍ Hamesha ek haalat lazim hogi Always remains in one condition		سو۔ ہزار۔ لاکھ Sau- Hazaar – Lakh 100-1000-100000

مفرد منصوب تمیز کی بناپر Mafrad wa mansoob tameez ki bina par The ma'dood is Singular and gets zabar because of tameez	أحد عشر: دونوں جزء مبنی علی الفتح ہوں گے رفع کی حالت میں ہو یا نصب کی یا جر کی۔ اثنا عشر: پہلے جزءکو تثنیہ کا اعراب دیا جائے گا اوردوسرا مبني علی الفتح ہوگا اعراب میں اس کا کوئی مقام نہیں۔ Ahad a Ashr : Dono juz mabni alal fath honge rafa' ki halat me ho ya nasab ki ya jarr ki. isna ashara : Pehle juz ko tasniya ka aeraab diya jayega aur dosra mabni alal fath hoga aeraab mein iska koi maqaam nahi Eleventh number Both parts are fixed on zabar even if zabar or Zer comes. Twelfth Number aerab of dual is given, i.e. Alif musanna and both parts are fixed with zabar.	دونوں جزء معدود کے موافق ہوں گے جاءَاحدَعشرَ رجلاً واثنتاعشرةَامرأةً Dono juz ma'dood ke muwafiq honge. Both parts are same with madood Eg: for 11 it is احدَعشرَ رجلاً i.e. احدَ and عشرَ are in the same gender as رجلاً. It is same for 12.	مرکب Murakkab	گیارہ اور بارہ Gyarah aur baara 11 and 12
مفرد منصوب تمیز کی بناپر Mafrad wa mansoob tameez ki bina par The ma'dood is Singular and gets zabar because of tameez	دونوں جزء مبنی علی الفتح ہوں گے رفع کی حالت میں ہو یا نصب کی یا جر کی۔ Dono juz mabni alal fath honge rafa' ki halath me ho ya nasab ki ya jar ki. Both parts are fixed on zabar even if zabar or Zer comes.	پہلا حصہ مخالف ہو گا اور دوسرا حصہ موافق ہو گا :حضرَ ثلالةَ عشرَ رجلاً، وتسعَ عشرةَ إمرأةً۔ Pehla hissa mukhalif hoga aur dosra hissa muwafiq hoga. First part is opposite to ma'dood and 2nd part is same with ma'dood Eg. For 13 it is ثلالةَ عشرَ رجلاً, in which ثلالةَ is opposite in gender from رجلاً and gender of عشرَ is same as رجلاً. It is same for 14 to 19.		تیرہ سے انیس تک Terah se Unnees tak 13 to 19
مفرد منصوب تمیز کی بناپر Mafrad wa mansoob tameez ki bina par The ma'dood is Singular and gets zabar because of tameez	جمع مذکر سالم کا اعراب دیا جائے گا، رفع «و» کے ذریعہ سے نصب اور جر «ي» کے ذریعہ سے ۔ Jama muzakkar e Saalem ka eraab diya jayega, Rafa' "و" ke zariye se nasb aur jar "ya" ke zariye se aerab of male plural is given with rafa nasab and jar.	ایک ہی حالت لازم ہوگی : فی الفصلِ عشرون طالبًا وقرأتُ تسعينَ صفحةً۔ Ek hi halat lazim hogi: Will remain in same position	الفاظ العقود Alfaaz ul uqood	بیس سے نوے تک Bees se navve tak 20 to 90

مفرد منصوب تمیز کی بناپر Mufrad wa mansoob tameez ki bina par The ma'dood is Singular and gets zabar because of tameez	النیف : موقع کے حساب سے اعراب ہو گا۔ العقد :معطوف علیہ معطوف کے تابع ہو گا حالت رفع میں "و"کے ذریعہ سے حالت نصب اور جر میں "ی" کے ذریعہ سے۔ Anneef : Mauqa ke hisaab se aeraab hoga. Al Aqd : Ma'toof alai Ma'toof ki tabe hoga halat e rafa' me "waw" ke zariye se halat e nasb aur jar me "ya" ke zariye se. Aneef: irab will come based on situation. Al Aqd: position of Rafa b y 'waao' and because of ya.	جوواو عطف سے پہلے ہے عطف سے پہلے کا حکم ہو گا اور اس کے بعد ایک ہی حالت ہو گی۔ عددُ الطلابِ ثمانيةٌ وعشرونَ طالبًا. Jo waw atf se pahle hai atf se pahle ka hukm hoga aur iske baad ek hi halat hogi. Rule of the thing which came after waao is same as the thing which came before it.	معطوف اور معطوف علیہ Ma'toof aur Ma'toof alai	اکیس سے ننانوے تک Ekkees se ninanwe tak 21 to 99

نوٹ : شین(عشرۃ کا) مرکب اعداد میں: مذکر کے ساتھ آئے تو فتح اور مؤنث کے ساتھ آئے تو سکون ملے گا۔جب معدود کا ذکر نہ ہو ، اس کا معنی آرہا ہو تو عدد میں تذکیر اور تانیث دونوں جائز ہے۔ مثال:» من صام رمضان وأتبعه ستا من شوال « يعني «ستة ايام» اور اسی طرح اگر معدود مقدم کیا جائے عدد پر مثلا : «حللت مسائل تسعا او تسعة»جو فاعل کے وزن پر ہو وہ معدود کے موافق ہو گا :«الباب الخامس \ المسألة الخامسة»۔

Note : Sheen(Ashrah ka) Murakkab a'daad me : Muzakkar ke sath aaye toh fath aur muannas ke sath aaye toh sukoon milega. Jab ma'dood ka zikr na ho, iska mane' aaraha ho toh adad me tazkeer aur taaneez dono jaayez hai. Yani"Sittah Ayyaam" aur isi tarah agar ma'dood muqaddam kiya jaye adad par masalan : Jo faayel ke wazan par ho woh ma'dood ke muwafiq hoga.

Note: The sheen of Ashra has a fathah when it is masculine, while it has a sukoon if it is feminine. If there is no mention of the ma'dood then both Ashra or Asharata could be used, i.e. both masculine and feminine forms. Moreover if the ma'dood comes before the adad then the gender of the madood matches with the adad.

TEST YOUR SELF

١٠٠ جملة عربية
Arabic Sentences 100

1	البُسْتَانُ جَمِيلٌ مبتدا(مذكر)+ خبر (مذكر) =جمله اسميه	الجملة الاسمية (المبتدأ والخبر)
2	التُّفَّاحَةُ حُلْوَةٌ مبتدا(مؤنث)+خبر (مؤنث) = جمله اسميه	"
3	لَمَعَ الْبَرْقُ فعل (ماضی) + فاعل = جمله فعليه	الجملة الفعلية
4	شَمَّ عَلِيٌّ وَرْدَةً فعل (ماضی) +فاعل+ مفعول = جمله فعليه	الجملة الفعلية (مفعول به)
5	يَعِيْشُ السَّمَكُ فِي المَاءِ فعل (مضارع) + فاعل+ جار+ مجرور = جمله فعليه	
6	سَمِعْتُ النَّصِيحَةَ فعل ماضی ضمير مستتر فاعل+ مفعول به= جمله فعليه	
7	خُذِ الكِتَابَ فعل امر ، مفعول به – جمليه فعليه	فعل الامر
8	اِلْعَبْ بِالْكُرَةِ فعل امر، جار مجرور – جمله فعليه	"
9	نَظِّفْ ثِيابِكِ فعل امر، مضاف مضاف اليه مل كر مفعول به– جمله فعليه	"
10	نَمْ مُبَكِّرًا فعل امر، حال– جمله فعليه	"
11	أَجِدْ مَضْغَ الطَّعَامِ فعل امر، مضاف مضاف اليه مل كر مفعول به– جمله فعليه	"
12	تمهَّلْ فِي السَّفَرِ فعل امر، جار مجرور – جمله فعليه	"

13	أُرِيدُ أنْ أحْسِنَ السِّبَاحَةَ	نصب الفعل المضارع
14	لَنْ يَفُوزَ الْكَسْلَانُ حرف توكيد ،فعل فضارع، فاعل– جمله فعليه	"
15	جِئْتُ كَيْ أتَعَلَّمَ	"
16	إذَنْ تُقِيمَ عِنْدَنَا (تجيب بذلك من قال سأزور مدينتكم)	"
17	لَا تُكْثِرْ مِنَ الضّحْكِ فعل نهى، جار مجرور – جمله فعليه	جزم الفعل المضارع
18	لَمْ يَحْفَظْ مُحَمَّدٌ دَرْسَهُ حرف جازمه ،فعل مضارع مجزوم، فاعل، مضاف مضاف اليه مل كر مفعول به – جمله فعليه	"
19	إن تجلسْ في مجري الهواء تمرضْ	"
20	كَانَ الزِّحَامُ شَدِيدًا حرف مشبه بالفعل يا فعل ماضى، اسم كان، خبر كان- جمله فعليه	كان وأخواتها
21	صَارَ الثَّوبُ قَصِيرًا حرف مشبه بالفعل يا فعل ماضى، اسم صار، خبر صار- جمله فعليه	"
22	لَيْسَ الْخَادِمُ قَوِيًّا حرف مشبه بالفعل يا فعل ماضى، اسم ليس، خبر ليس- جمله فعليه	"
23	أصْبَحَ الْجَوُّ مُمْطِرًا حرف مشبه بالفعل يا فعل ماضى، اسم اصبح، خبر اصبح- جمله فعليه	"
24	أمْسَى العَامِلُ مُتْعِبًا حرف مشبه بالفعل يا فعل ماضى، اسم امسى، خبر امسى- جمله فعليه	"
25	أضْحَى الغَمَامُ كَثِيفًا حرف مشبه بالفعل يا فعل ماضى، اسم اضحٰى، خبر اضحٰى- جمله فعليه	"
26	ظَلَّ الْمَطَرُ غَزِيرًا حرف مشبه بالفعل يا فعل ماضى، اسم ظل، خبر ظل- جمله فعليه	"
27	بَاتَ الْمَرِيضُ مُتَألِمًا حرف مشبه بالفعل يا فعل ماضى، اسم بات، خبر بات- جمله فعليه	"

28	إنّ الجمَلَ صبورٌ حرف مشبہ بالفعل ، اسم إن، خبر إن- جملہ فعلیہ	إن وأخواتها
29	عَلِمْتُ أنّ الاِمْتِحَانَ قَرِيبٌ حرف مشبہ بالفعل ، اسم اِن، خبر اِن- جملہ فعلیہ	"
30	كَأَنّ الكِتَابَ أسْتَاذٌ حرف مشبہ بالفعل ، اسم کأن، خبر کأن - جملہ فعلیہ	"
31	البيتُ جديدٌ لكُنّ الأَثَاثَ قَديمٌ حرف مشبہ بالفعل ، اسم لکنّ، خبر لکنّ - جملہ فعلیہ	"
32	لَيتَ الفَاكِهَة نَاضِجَةٌ حرف مشبہ بالفعل ، اسم لیت، خبر لیت- جملہ فعلیہ	"
33	لَعَلَّ الكِتَابَ رخيصٌ حرف مشبہ بالفعل ، اسم لعل، خبر لعل- جملہ فعلیہ	"
34	نَزَلَ المطَرُ مِنَ السّمَاءِ	جر الإسم
35	سَعَى الجَيْشُ إلى الْمَيْدَانِ	"
36	يَنْزِلُ الجُنْدِيُّ عَنِ الحِصَانِ	"
37	يَسْقُطُ الثَّمَرُ عَلَى الأَرْضِ	"
38	دَخَلَ الْمُجْرِمُ فِي السِّجْنِ	"
39	قَشَرْتُ الفَاكِهَةَ بِالسِّكِّينِ	"
40	الجائزَةُ للسَّابِقِ	"
41	هذا كتابٌ مُفيدٌ مبتدا، موصوف صفت مل کر خبر – جملہ اسمیہ	النعت
42	قرأتُ كتاباً مُفيداً فعل ماضی ضمیر مستتر فاعل، موصوف صفت مل کر مفعول بہ – جملہ فعلیہ	"
43	نظرتُ فِي كتابٍ مُفيدٍ فعل ماضی ضمیر مستتر فاعل،جار، موصوف صفت مل کر مجرور – جملہ فعلیہ	"

44	أينَ مَنْزِلُكَ؟	المبني والمعرب
45	مِنْ أيِّ مِكَانٍ جِئتَ؟	"
46	كَمْ جَوادًا فِي الْمَيْدانِ؟	"
47	ليذهبنَّ الغلمان	أحوال بناء المضارع
48	ألا تستريْحَنَّ يَا سَعيدُ	"
49	اَنْتَ رَجُلٌ مُهَذَّبٌ	الإعراب المحلي
50	جَلستُ لِأَسْتَرِيحَ (لام التعليل)	نصب المضارع بأن المضمرة
51	مَا كانَ الصديقُ لِيَخُونَ صَديقَهُ (لام الجحود)	"
52	اِسْتَمِعْ نُصْحَ الطَّبِيبِ أو يَتِمَّ شِفاؤُكَ (أو)	"
53	لَا يُمْدَحُ الوَلَدُ حتّى ينالَ رِضَا وَالِدَيهِ (حتى)	"
54	لَمْ يُسْأَلْ فَيُجِيبَ (فاء السببية)	"
55	لَمْ يَفْعَلِ الْخَيرَ وَيَنْدَمَ (واو المعية)	"
56	ذهبَ الرَّسُولُ وَلمّا يعدْ	جوازم الفعل المضارع
57	لِيجتنبْ كَثْرَةَ المِزَاحِ	"
58	مَنْ يُفْرِطْ فِي الْأَكْلِ يَتْخَمْ	"
59	مَا تَدَّخِرْ مِنْ مَالِكَ يَنْفَعْك	"
60	فِي الدُّرج كتابٌ	النكرة والمعرفة
61	الجمل بَرَكَ	الضمير المستتر
62	اَلْحَمْدُ لِلهِ الَّذِىْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ	الاسم الموصول
63	وَالَّذٰنِ يَاْتِيٰنِهَا مِنْكُمْ	"

64	الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَآئِمُوْنَ	"
65	وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِىْ أُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ	"
66	الإِمْرَأَتَانِ اللتان تنظفان البيت	"
67	وَأُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِىْ اَرْضَعْنَكُمْ	"
68	وَالّٰئِيْ يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ	"من
69	أحسنْ إلى مَنْ أحْسَنَ إلَيكَ	"ما
70	لَا تَأكُلْ مَا لا تَسْتَطِيعُ هَضْمَه	أسماء الإشارة
71	هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ	"
72	هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِىْ رَبِّهِمْ	"
73	قَالَ اِنَّ هٰؤُلَآءِ ضَيْفِىْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ	"
74	هٰذِهٖ نَاقَةُ اللهِ	"
75	هَاتَانِ إِمْرَأَتَانِ	"
76	هٰؤُلَاءِ النِّسَآءُ	"
77	ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيهِ هُدًى لِلْمُتَّقِينَ	"
78	ذٰنِکَ الْكِتَابَانِ	"
79	وَأُولٰئِکَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ	"
80	تِلْكَ أَمَانِيُّهُمْ	"
81	تَانِکَ الْكُرَّاسَتَانِ	"
82	أُولٰئِکَ النِّسَآءُ	نائب الفاعل
83	فُتِحَ البابُ	"

84	يُركبُ الحصانُ	أفعال الاستمدار الناسخة و "ما دام"
85	مَا زَالَ الحَرُّ شَدِيدًا	"
86	مَا بَرِحَ المَرِيضُ نَائِمًا	"
87	مَا انْفَكَّ القُضَاةُ عَادِلِينَ	"
88	تُحْتَرَمُ ما دامَ خُلُقك كَرِيمًا	المفعول به
89	مَنْ خَلَقَ السّموَات وَالْأَرْضَ	المفعول المطلق
90	لعِبَ حَسَنٌ لعباً	"
91	مرَّ القطارُ مَرَّ السَّحَابِ	"
92	أكَلَ عَلي أكْلَتَينِ	المفعول لأجله / المفعول له
93	قُمْ احْتِرامًا لِأسْتَاذِكَ	المفعول فيه/ ظرف الزمان وظرف المكان
94	مكثتُ بالْإِسْكنْدريّةِ شَهْرًا	"
95	وَقَفْتُ أَمَامَ المِرْآةِ	المفعول معه
96	فَأَجْمِعُوا أَمْرَكُمْ وَشُرَكَاءَكُمْ	المبتدأ والخبر وتطابقهما
97	النَّمِرُ شَرِسٌ	"
98	البَطَّةُ سَابِحَةٌ	"
99	التلميذانِ حَاضِرانِ	"
100	البِنْتانِ مُجْتَهِدانِ	"
101	المُحْسِنونَ مَمْدُوحونَ	"
102	السَّيّداتُ مُهَذّباتٌ	خبر المبتدأ حين يكون جملة أو شبه جملة

103	الحَرَكَةُ تُقَوّى العَضَلات	"
104	المُهَذّبُ أصْدِقَاؤُه كَثيرونَ	"
105	النَّجَاةُ في الصِّدْقِ	"
106	القَنْطَرَةُ فَوقَ النِّيلِ	خبر النواسخ حين يكون جملة أو شبه جملة
107	كَانَ المَرِيضُ يَتَألَّمُ	"
108	إنَّ الوَلَدَ زِينَتُه الأدبُ	الصدر المؤوَّل من أن والفعل
109	يَسرُّني أنْ تصدقَ	أقسام المتعدي
110	زَرَعَ الفَلّاحُ القصبَ	"
111	رأيتُ الصلحَ خيراً	"
112	أخبرتُ الغلمانَ اللعبَ مفيداً	اسم الفاعل
113	صدقَ الغلامُ -فالغلامُ صَادِقٌ	اسم المفعول
114	شربتُ اللَّبَنَ –فاللبنُ مَشروبٌ	المستثنى
115	حضرَ الأصْدِقاءُ إلَّا عَلِيًّا	"
116	سلّمتُ على القَادِمِينَ غيرَ سَعِيدٍ	"
117	قطفتُ الأزْهارَ خَلا الوَرْد	الحال
118	عادَ الجيشُ ظَافِراً	التمييز
119	اشْتَريتُ رطْلاً بَلحًا	المنادى
120	يَا صَلاحَ الدِّينِ	التوكيد
121	حادَثَني الوَزِيرُ نفسُه	"
122	أنتَ المَلُومُ أنتَ المَلُومُ	"

123	قُمْتُ أنا بِالوَاجِبِ	العطف
124	نضِجَ الخوخُ والعنبُ	واو المعية
125	سِرْتُ وطلوعَ الفجرِ	البدل
126	حَضَرَ أخُوكَ حَسَنٌ	أدوات الاستفهام
127	أ طَلَعَتِ الشَّمْسُ؟	"
128	هَلْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ؟	"


اعــراب القرآن

Aeraab ul Quran

1) بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الرَّحِيْمِ	الرَّحْمٰنِ	اللهِ	بِسْمِ
صفة مجرورة	صفة مجرورة	لفظ الجلالة مجرور	جار ومجرور


الاعراب: "بسم" الباء حرف جر، "اسم" اسم مجرور بالكسرة. والجار والمجرور متعلقان بخبر محذوف لمبتدأ محذوف، تقديره: ابتدائي كائن بسم الله، وجملة التقدير ابتدائية. "الرحمن الرحيم" صفتان مجرورتان بالكسرة.



2) ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَارَيْبَ *صلى ۛ ج فِيْهِ ۛ ج هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ. (سورة البقرة: 2)


فِيْهِ	رَيْبَ	لَا	الْكِتٰبُ	ذٰلِكَ
جار ومجرور	اسم منصوب	نافية تعمل عمل «أن»	اسم مرفوع	اسم اشارة


الاعراب: «الكتاب» بدل مرفوع بالضمة، «هدى» حال منصوبة. جملة «لا ريب فيه» خبر المبتدأ «ذلك»، الجار «فيه» متعلق بخبر «لا»،



3) إِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللهِ الْإِسْلَامُ...... فَإِنَّ اللهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ. (سورة آل عمران: 19)

الْإِسْلَامُ	اللهِ	عِنْدَ	الدِّيْنَ	إِنَّ
اسم علم مرفوع	لفظ الجلالة مجرور	ظرف مكان منصوب	اسم منصوب	حرف نصب
	الْحِسَابِ	سَرِيْعُ	اللهَ	إِنَّ
	اسم مجرور	اسم مرفوع	لفظ الجلالة منصوب	حرف مشبهة بالفعل





معلم گائیڈ
Mualim Guide

بسم اللہ الرحمن الرحیم

معلم گائیڈ

مقدمہ

کسی بھی چیز کو استعمال کرنے سے پہلے اس کا طریقہ استعمال جاننا ضروری ہوتا ہے۔

اس کتاب میں جو "معلم گائیڈ" کے نام سے موسوم ہے یہ بتایا گیا ہے کہ قرآنک عربک گرامر کورس کس طرح پڑھایا جانا چاہیے ۔
قرآنک عربک گرامر کورس چونکہ کم سے کم وقفہ میں پڑھایاجانے والا کورس ہے اور اس کے پڑھانے کا اپنا ایک طریقہ ہے جو عام طریقوں سے تھوڑا سا مختلف ہے اس لیے اسے سمجھانے کے لیے اس کتاب یعنی معلم گائیڈ کی ضرورت محسوس کی گئی تاکہ ہر ایک اس کورس کو کامیاب طریقے سے پڑھا سکے ۔

معلم گائیڈ کی خصوصیت یہ ہے کہ اس سے نہ صرف قرآنک عربک گرامر کورس بلکہ اس کے علاوہ کسی بھی قسم کے کورس کو پڑھانے میں مدد لی جاسکتی ہے اور یہ کتاب اس مادے میں مکمل رہنمائی کرے گی۔ ان شاء اللہ۔

اس کتاب میں بتایا گیا ہے کہ استاذ کو کیا طریقہ اپنانا چاہیے ، کس طریقہ سے پڑھانا چاہیے ، سبق کو کس طرح گھول کر پلانا چاہیے ، طلبہ کی ہمت افزائی کیسے کی جانی چاہیے، کوئی بھی چیز کس طرح یاد کی جانی چاہیے وغیرہ وغیرہ۔۔۔

اس کتاب میں ہدایات، ٹپس اور رہنمایانہ اصول بیان کردیے گئے ہیں جس سے عربک گرامر کورس سیکھنے میں بھرپور مدد ملے گی۔ان شاء اللہ۔

والسلام علیکم

ارشد بشیر مدنی

فہرستِ کتاب

1. مقدمہ

2. ہدایات برائے آرگنائزرس

3. ہدایات برائے معلم

- قبل تدریس
- وقت تدریس

4. تجاویز برائے یاد دہانیٔ اسباق

5. عربی زبان اور قرآن کی اہمیت

6. اسباق کس طرح پڑھائیں؟

- پہلا سبق
- دوسرا سبق
- تیسرا سبق
- چوتھا سبق
- پانچواں سبق
- چھٹا سبق
- ساتواں سبق
- آٹھواں سبق
- نواں سبق
- دسواں سبق
- گیارہواں سبق
- بارہواں سبق

7. اعراب القرآن

8. Time Table chart

ہدایات برائے آرگنائزرس

- ہر طالب علم کو اس کورس کے الحاق سے قبل Eligibility Course روانہ کریں ۔
- کلاس روم اور رہائش پذیر کمروں کو چارٹس سے مزین کریں جس کی تفصیل یوں ہے :
- کل پانچ چارٹس ہیں۔

1. اسماء و حروف
2. افعال کی مختلف شکلیں
3. اعداد + Golden words 40
4. Main Chart – Arabic Grammar course Chart
5. Schedule

نصابِ کورس (Syllabus)

- ہرطالب کو کورس کی پانچ کتابیں فراہم کریں جس کی تفصیل یوں ہے :
- Eligibility Book کورس شروع ہونے سے پانچ تا دس دن پہلے مل جائے۔
- کورس شروع ہوتے وقت Text Book اور Work Book۔
- Vocabulary Book اور Memory Time، Conversation Book یا Activity Time کے دوران یاد بھی کروایا جائےاور practice بھی کروائی جائے۔

نوٹ: Vocabulary Book اور Eligibility، Conversation Book کے ساتھ بھی دیا جاسکتا ہے اگر student نہ گھبرائے تو۔

مدتِ کورس

- یہ کورس کم از کم آٹھ دنوں کا ہوگا طلبہ کی سہولت اور آسانی کے مد نظر 16 دن یا 32 دن تک بھی پڑھایا جاسکتاہے ۔
- ہر دس طالب علم پر ایک faculty متعین کیا جائے اور ہوم ورک چیک کرنے کے لئے وقتِ ضرورت الگ سے اساتذہ کو متعین کیا جائے۔
- نوٹ : آخر یا درمیان میں دو دن دعوۃ ٹریننگ Da'wah Training)) کا انتظام کیا جائے اگر ممکن ہو تو۔

ہدایات برائے معلم

قبل تدریس

تدریس سے قبل ہر معلم کو چاہیے کہ :

1. کورس کا مقصد جان لے اور وہ یہ ہے کہ طلبہ میں فہم قرآن،فہم نماز و اذکار، روز مرہ زندگی کی 50٪ عربی کی جانکاری ، اعتراضات کے جوابات کی اہلیت وصلاحیت پیدا کرنا۔
2. کورس مٹیریل کی اسٹڈی (مطالعہ)

3. طریقہ تدریس سے واقفیت (ذہن سازی ۔ Enquiry Method میں تدریس کی تربیت ۔ ٹارگٹ کی جانکاری ۔ خوشخبری)۔
4. memory time, fun learning اور دیگر activities کی جانکاری اور اسکا ادارک ۔
5. اخلاص اور اتباع پر کچھ معلومات کا حصول ۔
6. با مقصد زندگی کے اصول اور کچھ واقعات کی جانکاری اور مطالعہ ۔
7. ہمت افزائی کے متعلق سلف کے واقعات جیسے رمیصاء کا واقعہ ۔
8. lesson plan اور work plan کی اچھی تیاری ۔

وقت تدریس

دورانِ تدریس مندرجہ ذیل نکات پر خوب توجہ دیں

1. کورس مٹیریل کا تعارف کرائیں۔
2. مقصد بتایا جائے : فہم قرآن، فہم نماز و اذکار، روز مرہ زندگی کی 50% عربی، ردِ اعتراضات۔
3. کورس کا مقصد واضح کردیا جائے کہ آنے والے رمضان میں فہم قرآن کی طاقت پیدا ہو، فہم نماز اور اعتراضات کے جوابات اور کچھ گفتگو کی طاقت پیدا ہو۔
4. استاذ صرف convey کرنے والا نہ بنے بلکہ facilitator اور mentor بنے، قدم قدم پر ان کی پریشانیوں کو دور کرے جیسے کہ car driving school میں بازو بیٹھ کر قدم قدم پر مدد کی جاتی ہے۔
5. معلم کوچاہیئے کہ اس کورس او راسباق کی تفصیل کو جانیں کہ اس کورس کے 11 سبق ہیں ۔ اگر آٹھ دن کا کورس ہوتو ہر روز دو سبق پڑھائے جائینگے۔اس طرح6 دن میں 11 سبق ختم کیے جاسکتے ہیں اور آٹھ دن میں پہلا دن اور آٹھواں دن طلبہ کی رعایت کے لیے رکھا جاسکتا ہے۔
6. پہلا دن : طلبہ اگر Eligibility یاد کرکے نہ آئیں تو پہلے اس کو یاد کروایا جائے ، یاد کرنے کے Tips دیے جائیں۔ بچہ پہلے حفظِ قرآن کرتا ہے بعد میں عالم کورس ، اسی طرح اگر Eligibility کو یاد کرلیں تو آگے سمجھنے میں آسانی رہے گی۔ اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ آگے کا سبق سمجھنے میں آسانی ہوجائے گی۔
7. آخری دن تیاری اور مظاہرہ کا دن ہوگا جس میں Exam کا مرحلہ بھی ہے، تیاری بھی ہے، خلاصہ بھی ہے ، Revision سات دن کا اور Public کے سامنے Show اور Presentation بھی ہے۔
8. اس کورس کو پڑھانے کا خاص طریقہ ہے اور اس میں چار اَہم باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے
   - پہلا یہ کہ ذہن سازی : یعنی طلبہ وطالبات کی خوب ذہن سازی کی جائے اور ایسی ہمت پیدا کی جائے جس سے اس کورس کا پڑھنا ان کے لئے آسان ہوجائے
   - دوسرا یہ کہ Enquiry Method میں پڑھایا جائے، (جیسے کہ طالب علم سے پوچھا جائے کہ ضَرْبٌ (مارنا) اور أَكْلٌ (کھانا) یہ Verb ہے یا اسم ؟ اکثر لوگ اس کو Verb کہیں گے کیونکہ انگریزی میں Action کو Verb کہتے ہیں جبکہ عربی میں زمانہ کا پایا جانا ضروری ہے)۔ اس طریقہ سے طلبہ کا ذہن کھلتاہے اور فہم کا دائرہ وسیع ہوتاہے ساتھ ہی ساتھ دلچسپی اور شوق میں اضافہ ہوتاہے ۔
   - تیسرا یہ کہ روزانہ ٹارگٹ دے کر پڑھایا جائے تاکہ بچوں میں دلچسپی پیدا ہو اور وقت پر کورس ختم ہو جائے اور ٹارگٹ تک پہنچنے کے لئے خوب محنت کریں اور اس کے حصول کے لئے کوشاں رہیں ۔
   - چوتھا یہ کہ طلبہ کو بار بار خوشخبری دے کر ان کے شوق میں اضافہ کیا جائے۔(بشیراً و نذیراً)

8Day Course کی تفصیلات

1. یاد رہے یہ بارہ سبق والا کورس ہے۔ ہر سبق کو سمجھانے کے لیے 3 سیشن میں تقسیم گیا ہے۔ پہلا سیشن6:30 سے 8:30 تک کا ہے۔ نمازِ فجر اور اذکار کے بعد کا وقت چونکہ Fresh ٹائم ہوتا ہے، پڑھنے کا وقت ہوتا ہے اس لیے theory class ہوگی۔ 8:30 تا 11:00 breakfast+ relax time+ H.W کے لیے رکھا گیا ہے۔اس کا مقصد یہ ہے کہ ایک ہی جگہ کرسیوں پر بیٹھ کر بور نہ ہوجائیں اور Refresh ہوجائیں۔انہیں رہائشی جگہ میں چھوڑ دیا جائے، کیونکہ وہ تہجد سے اٹھے ہوتے ہیں اس لیے یہ وقت سکون حاصل کرنے کے لیے ہے۔تاکہ وہ آئندہ کلاس کے لیے تازہ دم ہوجائے ۔ 11:00 تا 1:00 پھر کلاس ہوگی ۔
2. معلم کو چاہیئے کہ ہوم ورک چیک ہونے کے درمیان memory time, fun learning اور دیگر activities کے لیے وقت استعمال کیا جائے۔تاکہ طلبہ کو قرآنی گرامر سیکھنا باعث خوشی اور شوق ہوجائے ۔
3. vocabulary یاد دلانے اور conversation پر مشق کرانے کے لیے Stage کا بھرپور سہارا لیا جائے۔
4. بار بار طلبہ کو چارٹ کی طرف توجہ دلائیں اور اس کی سمجھ اور آسانی کے تعلق سے فکر مند رہیں ۔
5. معلم کو چاہیئے کہ یہ تین اصول بچوں کے ذہن نشین کرادیں:1۔ اخلاص اور اتباع، 2۔ہر وقت موقع بموقع رحمان کی پناہ میں آنا اور شیطان سے پناہ حاصل کرنے کے لیے اعوذ باللہ پڑھیں، 3۔ یہ کورس Magic نہیں محنت کا نام ہے۔ محنت کے لیے تیار ہوجائیں۔
6. طلبہ میں ان اصولوں کو پیوست کیاجائے
   - ان اصولوں کو ذہن میں رکھا جائے:

I listen I forgot, I see I remember, I practice I learn, I teach I master.

7. استاذ اور شاگرد میں interactive method زیادہ مناسب ہے۔
8. استاذ کا teaching plan (lesson plan) تازہ رہے، student کے لیے learn plan (work plan) تازہ رہے۔
9. معلم کو چاہیے کہ طلبہ کی جانچ کرتے رہیں اور ان کی عقل وفہم کا امتحان لیتے رہیں اور بعض اوقات سنانے والوں کے اعتماد کوCONFUSEکرتے رہیں تاکہ عقل وادراک میں اضافہ ہو اور اچھی طرح ذہن نشین ہوجائے ۔
10. معلم کو چاہیئے کہ کورس یا سبق کو شروع کرنے سے پہلے ان امور کی اچھی تیاری کرلے :
   - کوئی بھی تشجیعی وقربانی والا واقعہ یاد کرلے جیسا کہ رمیصاء رضی اللہ عنہا کا واقعہ ہے۔
   - lesson plan اور work plan کی اچھی تیاری کرلے ۔
   - یاد کرنے کے tips یاد کرلے اور وقتاً فوقتاً طلبہ کو بتاتا رہے ۔
   - اپنی معلومات کووسیع کرے اور کلاس کو دلچسپ بنائے ۔
   - عربی زبان کی اہمیت خوب جان لے اور اس کے دنیاوی واخروی فائدے سے آگاہ ہوتاکہ طلبہ میں ان دونوں چیزوں کی آبیاری کی جاسکے اور سیکھنے پر ہمت افزائی کی جائے ۔
   - اخلاص اور اتباع پر کچھ معلومات حاصل کرے اور اس کی نصیحت بار بار کرے ۔
   - با مقصد زندگی کے تعلق سے صحابہ کرام کی مثالیں ذہن نشین کرلے اور طلبہ کو بتاتا رہے ۔

اسباق کیسے پڑھائیں؟

کل آٹھ دن ہوں تو پہلا دن Eligibility کو پختہ کرانے میں لگائیں ۔ اور آخری دن طلبہ کے مظاہرے کا رہے گا۔ اب درمیان کے چھ دنوں میں کس طرح پڑھایا جائے آئیے تفصیلی جائزہ لیتے ہیں۔

نوٹ: یاد رہے ہر دن دو سبق پڑھائے جائیں گے۔

پہلا دن - پہلا سبق

پہلا سبق حروف تہجی سے شروع کیا جائے تاکہ اگر کلاس میں کوئی reverts یا عربی نہ پڑھنے والے ہوں تو وہ بھی ایک رنگ میں رنگ جائیں۔
حروف تہجی کے ساتھ حرکات کی بھی پہچان کرادی جائے۔ ص:7 پر ہر حرف تہجی مختلف حرکات کے ساتھ کیسے pronounce ہوتا ہے بتایا گیا ہے۔ ممکن ہو تو ایک سافٹ ویر(Software) بتایا جائے جس میں حروف کیسے بنتے ہیں بتایا گیا ہو۔

پہلے سبق میں یاد رکھنے کی چیزیں:

Students کو بار بار یہ یاد دلایا جائے کہ وہ کلاس میں موجود چارٹس کو بار بار دیکھتے رہیں۔ اور mobile میں download کیے گئے اس کورس کے مواد کو بار بار سنتے رہیں۔

- استاذ کی ذمہ داری ہے کہ Inspire کرتا رہے تاکہ عربی سیکھنے کا شوق بڑھتا رہے کیونکہ شیطان دور کرنے کی محنت میں لگا ہوا ہے۔ مختلف دعائیں پڑھتے رہیں ۔ اللہ کی پناہ شیطان سے پناہ لیتے رہیں ، دعا کریں کہ اللہ یہ زبان آسان کردے تاکہ فہم قرآن کے مراحل آسان ہوتے چلے جائیں۔
- پہلا سبق دیکھنے میں بڑا لگے گا لیکن Eligibilityمیں چونکہ یہ سب چیزیں آچکی تھیں اس لیے بالکل آسان ہوجائیں گی۔
- جب آپ Arabic Course Chart پر نظر ڈالیں گے تو آپ کو بخوبی پتا چلے گا کہ اس میں 9 سیڑھیاں ہیں ۔ طلبہ کے سامنے ٹھہر کر اس کا تعارف کرایا جائے ۔اور طلبہ کو بتایا جائے کہ ان سیڑھیوں کو تین مرحلوں میں پار کرنا ہے:

1.LETTERSS   2.WORDS   3.SENTENCE.

- یہ کورس مادری زبان سیکھنے کا جو فطری طریقہ ہے اس کو سامنے رکھ کر بنایا گیا ہے۔
- بچہ Letters سے بات کرنے کا آغاز کرتا ہے(مثلاً:اَ، مَ، بَ وغیرہ)، اس لیے آپ کو پہلی اور دوسری سیڑھی حرکات و سکنات کی ملے گی۔
- Letters کے بعد بچہ words کی دنیا میں قدم رکھتا ہے (جیسے: ابا ، امی وغیرہ) ، ابھی مکمل جملہ ادا نہیں کر پاتا۔
- Words کے بعد بچہ جملے ادا کرنے لگتا ہے۔
- دو سیڑھیاں Letterss سے متعلق ہیں ، اس کے بعد مسلسل word کی پہچان مختلف طریقے سے کرائی گئی ہے، جیسے لفظ معرفہ بھی ہوتا ہے نکرہ بھی، مؤنث اور مذکر بھی، مفرد ،تثنیہ اور جمع بھی ۔ word کو کئی شکلوں میں سمجھایا جائے۔کیوں؟
اس لیے کہ enquiry method بہترین طریقہ تعلیم ہے۔
- اب enquiry کی جائے کہ مفرد،تثنیہ، جمع ، مذکر ، مؤنث ، معرفہ ، نکرہ وغیرہ کا جاننا کیوں ضروری ہے؟جواب کا انتظار کیا جائے۔
- بتایا جائے کہ عربی زبان اتنی sensitive ہے کہ جملہ بناتے وقت ان سب باتوں کا خیال رکھنا پڑتا ہے۔ مذکر ہو تو مذکر ، مؤنث ہو تو مؤنث وغیرہ۔

- Best طریقہ یہ ہے کہ پڑھانے سے پہلے Target دیا جائے کہ کل کے دن آپ کو اپنے ہاتھ سے عربی میں جملے بنانا ہے جس کے لیے آپ کو word سمجھنا ہے۔
- پوچھا جائے کہ نویں سیڑھی کے بعد دسویں سیڑھی کیا ہے؟
- آپ کہیے کہ دسویں سیڑھی stage پر ٹھہر کر جملے بولنا ہے۔کیا آپ اس کے لیے تیار ہیں؟ تو آئیے آگے بڑھتے ہیں ۔
- اس طرح ان کو target ملے گا۔ ٹارگٹ سے دلچسپی پیدا ہوتی ہے۔ جیسے گول ہونے سے فٹبال میں دلچسپی پیدا ہوتی ہے۔
- مین چارٹ سمجھانے کے بعد text book کھولیں۔
- پوری عربی گفتگو دو طرح کے sentence سے بنتی ہے :- 1۔ جملہ اسمیہ 2۔ جملہ فعلیہ
- اسم سے شروع ہو تو جملہ اسمیہ کہتے ہیں اور فعل سے شروع ہو تو جملہ فعلیہ کہتے ہیں۔
- اس لحاظ سے جملے سمجھنے کے لیے پہلے اسم کیا ہے فعل کیا ہے جانیے۔
- ان کو جوڑنے کے لیے اور تکمیل کرنے کے لیے مختلف قسم کے حروف آتے ہیں ، اس لیے ان کا جاننا بھی ضروری ہوجاتا ہے۔
- اس طرح اسم ، فعل اور حرف جاننا ضروری ہوجاتا ہے۔
- اب تک جسے "word" کہا جارہا تھا عربی میں اس کو "کلمہ کہتے ہیں۔
- کلمہ کا definition کے بجائے بہترین طریقہ یہ ہے کہ student کا enquiry mind بنایا جائے۔
- مثال کے طور پر بورڈ پر "رَجُلٌ" لکھ دیا جائے اسی طرح "نصر" اور "علی" بھی۔اس کے بعد طلبہ سے پوچھا جائے کہ ان میں کیا فرق نظر آرہا ہے۔
- رجل: آدمی، نصر: اس نے مدد کیا، علی: پر
- اسے کہتے ہیں enquiry mind ، سوال کیا جانا چاہیے۔
- یہ بات طئے ہے کہ آدھے سمجھیں گے آدھے نہیں ، مگر کلاس میں ہلچل پیدا ہوگی، نیند بھاگ جائے گی، اس طرح یاد بھی ہوجائے گا۔
- صرف کتاب کا definition پڑھانے سے کلاس میں دلچسپی پیدا نہیں ہوتی، ان کے دماغوں میں سوال کھڑے کردیے جائیں تو ۔۔۔
- کچھ جواب نہ بھی دیں تو ایک دوسرے سے سنتے سنتے اخذ کرلیں گے۔
- اس کے بعد بتایا جائے کہ :
- جس میں sensible معنی ہو زمانہ نہیں وہ اسم ہے۔ (رجل کے سامنے اسم لکھ دیا جائے)
- یا پوچھا بھی جاسکتا ہے کہ ان تینوں میں کونسا اسم ہے، جس میں معنی ہے زمانہ نہیں۔
- دوسرا جس میں sensible معنی بھی ہو اور زمانہ بھی وہ فعل ہے۔
- تیسرا جس میں sensible معنی اور زمانہ نہ ہو وہ حرف ہے۔
- امید کہ اس طرح بہت سے طلبہ سمجھ جائینگے۔
- اس کے بعد رجل کے سامنے اسم ، نصر کے بعد فعل، علی کے بعد حرف لکھ دیا جائے۔
- اس کے بعد طلبہ سے کہیں کہ پوری ڈکشنری انہی تین حصوں میں بٹی ہوئی ہے۔جو بھی Word آپ کو عربی میں ملے گا وہ اسم ، فعل یا حرف ہوگا۔ تھوڑا Confusion ہو بھی تو آگے آپ کثرت استعمال سے سمجھ جائینگے۔

طلبہ کو بتایا جائے کہ اسم فعل حرف کو جاننے کا ایک اور طریقہ ہے:

1. معنی کو دیکھ کر سمجھا جاسکتا ہے۔

2. عمومی طور پر یہ طریقہ بھی کام آتا ہے وہ یہ کہ : کسی بھی ورڈ کے آگے "ال" یا آخر میں تنوین ہو تو وہ اسم ہو گا فعل نہیں۔

3. حروف چونکہ تھوڑے ہی ہیں اگر آپ اس کو یاد کرلیتے ہیں تو حروف جر کے بعد آنے والے اسم ہی ہوتے ہیں ، اس طرح Confusion نہیں رہتا کہ اسم ہے یا فعل ۔یعنی بغیر معنی دیکھے ہی اسم سمجھ میں آجاتا ہے۔

4. چالیس Golden ورڈس اگر آپ یاد کرلیے ہوں تو عمومی طور پر اس Pattern پر جو بھی ورڈ نظر آئے تو وہ فعل ہو گا۔

اس طرح معنی یا شکل دیکھنے سے پہچان ہوتی ہے۔

جب اتنے طریقوں سے سمجھایا جاتا ہے تو طلبہ سمجھ ہی جائیں گے۔

5. اسم کا آخری ورڈ عمومی طور پر زیر ہوتا ہے اور فعل کے آخر میں جزم۔

- بورڈ پر مختلف قسم کے اسم لکھے جائیں جیسے : مریم، الجمل، مکۃ ، قلم۔
- طلبہ سے پوچھا جائے یہ سب اسم تو ہیں مگر ان میں کیا فرق ہے؟ طلبہ سے انکوائری کی جائے، امید کہ کچھ طلبہ فرق بتائنگے۔
- جیسے "مریم "میں انسان کا معنی چھلک رہا ہے، "الجمل" کو دیکھ کر کہیں گے کہ جانور ہے، "مکہ " جگہ کا معنی سمجھ میں آتا ہے۔ "قلم" کسی چیز کا معنی نظر آرہا ہے۔ اس طریقہ سے غور کرنے سے اسم کی پہچان ہونے لگتی ہے۔
- Evergreen طریقہ یہ ہے کہ معنی پر غور کرلیا جائے، جس میں معنی اور زمانہ ہو وہ فعل ہے، معنی ہو زمانہ نہ ہو وہ اسم ہے ، معنی اور زمانہ نہ ہو وہ حرف ہے۔
- اب طلبہ سے کہیں کہ text book کھولیں اور ص:12 پڑھیں۔ جس میں اسم کی مختلف شکلیں نظر آئینگی۔ ہر ایک طالب علم سے پڑھوایا جائے ۔ خوشی کی بات یہ ہوگی کہ eligibility میں پڑھ لیے ہوں تو اب سمجھ میں آنا شروع ہوجائے گا۔
- اب آپ نے راز سمجھ لیا ہو گا کہ eligibility کتنا اہم ہے۔ اور دس دن پہلے کیوں یاد کروایا گیا۔
- اس کورس کی کامیابی کے لیے اللہ کی مدد کے ساتھ eligibility یاد کرنا ضروری ہے۔
- اب آئیے ص:13 یہاں آپ کو فعل ملے گا۔ بورڈ پر 8 فعل لکھ کر اس کا معنی بتایا جائے۔ Golden Word 40 دہرائے جائیں۔ عَقَلَ سے اور دوسرے افعال سے گردان کرائی جائے۔ ایسے pattern پر آنے والے عموما فعل ہوتے ہیں۔
- پھر ص:16 پر ، 17 حروف جر اور اس کے بعد 9 حروف عطف لکھ دیے جائیں۔یہ دونوں بھی حروف ہی ہیں لیکن دونوں میں فرق ہے۔ کیا فرق ہوسکتا ہے؟ انکوائری کرائی جائے۔
- پھر ان کو بتایا جائے کہ یہ 17 ایسے ورڈس ہیں جب آتے ہیں تو اپنے بعد آنے والے پر اثر ڈالتے ہیں اور 9 کوئی اثر نہیں ڈالتے ۔
- ایسے بھی کہا جاسکتا ہے : اثر ڈالنے والے حروف اور اثر نہ ڈالنے والے حروف۔
- ان 17 حروف کے بعد اسم آتا ہے ۔ اسم کا جو آخری لفظ ہوتا ہے اس پر زیر آتا ہے اور کبھی چھپ جاتاہے ۔
- کوشش کریں کہ دونوں کے نام بتانے سے پہلے ان کو یاد کرایا جائے ، یاد ہے یا نہیں چیک کریں۔ انہیں تیزی سے یاد دلائیں۔ایک لڑی میں پورے یاد دلائیں ورنہ اٹک جائینگے ، گروپ کی شکل میں یاد دلایا جائے، جو یاد نہیں انہیں اہمیت بتلائی جائے کہ قرآن کے ہر صفحہ پر کئی مرتبہ یہ ورڈس آتے ہیں ، کتنی بڑی بات ہے۔
- طلبہ ایک ایک ورڈ یاد کرنے کے بجائے پانچ پانچ ورڈ کا گروپ بنا کر یاد کریں۔ "ب ت ک ل و" پھر پانچ "منذ، مذ ، خلا، رب، حاشا" پھر دو مجموعوں کو ملا کر رٹنے کے لیے کہا جائے۔

- اس سے بھی آسان طریقہ یہ ہے کہ نظمی انداز میں یاد کرایا جائےاور کوئی ایک نظم سے جوڑ دیا جائے۔ اس کے لیے آپ کو درمیان میں "و" لگانا پڑے گا ۔ جیسے:

حروف جر: باء و تاء و کاف و لام و واو و منذ و مذ خلا رب حاشا من عدا فی عن علی حتی الی

حروف عطف: أما إما ثم او حتی ام اذا و فا اذا و فا اذا و فا

اس کے بعد کلاس ورک دیا جائے۔

لفظ بلفظ قرآن کا ترجمہ اس کورس میں طلبہ کو لانا ضروری ہے تاکہ ہر سبق سمجھنے میں آسانی رہے۔

- ص:19 پر کلاس ورک ہے ، سورۃ الفاتحہ دے کر کہا جائے کہ اسم فعل حرف کو الگ کیا جائے پہچان کر۔
  اس کے بعد ہوم ورک دیا جائے، ہوم ورک کے ذریعہ سے لکھنے کی عادت پڑھتی ہے۔
- ص:4 پر سورۃ البقرۃ کی ابتدائی آیتوں سے اسم فعل حرف کی پہچان ہونے لگتی ہے۔
- ص: 6 پر سورۃ الاعلی میں اورر پہچان ہونے لگتی ہے۔ ص:6 حروف جر اور حروف عطف میں زیر پر غور کرنے سے اور اچھی پہچان آنا شروع ہوجاتی ہے۔ ص:7 سورۃ الغاشیۃ حل کرنے پر اسم فعل حرف کی پکی پہچان ہوجاتی ہے۔

خوش خبری

- خوش خبری دی جائے کہ آپ نے صرف حرف جر اور حروف عطف سمجھ لیا تو یوں سمجھیے کہ قرآن مجید کے ہر صفحہ کے 5 ورڈ کی گرامر بتا سکتے ہیں ۔
  مثلاً: یہاں جو "واو" ہے وہ حرف عطف ہے ۔یہاں جو "علی" ہے وہ حرف جر ہے۔
- طلبہ کو فارغ وقت میں یہ Activity دی جائے کہ سبق : 1 کا کوئی بھی چارٹ بنا کر لائیں، وہ sticky board پر لگایا جائے گا۔ جیسے اسم کا چارٹ ، فعل کا چارٹ ، حرف کا چارٹ وغیرہ سکیچ کے ذریعہ سے بنایا جائے۔sticky board کا بھر پور استعمال کیا جائے۔ کسی بھی سبق میں sticky board کا ہوم ورک دینا نہ بھولیں۔
- آرگانائزر کو چاہیے کہ وہ بھاری مقدار میں چارٹس اور سکیچ تیار رکھیں۔
  طلبہ سے کہا جائے کہ وہ اپنی طرف سے creativity کرکے نئے چارٹس ڈیزائن کرسکتے ہیں ۔
- یاد رہے یہ بارہ سبق والا کورس ہے۔ ہر سبق کو سمجھانے کے لیے 3 سیشن میں تقسیم گیا ہے۔ پہلا سیشن6:30 سے 8:30 تک کا ہے۔ نمازِ فجر اور اذکار کے بعد کا وقت چونکہ Fresh ٹائم ہوتا ہے، پڑھنے کا وقت ہوتا ہے اس لیے theory class ہوگی۔ 8:30 تا 11:00 breakfast+ relax time+ H.W کے لیے رکھا گیا ہے۔اس کا مقصد یہ ہے کہ ایک ہی جگہ کرسیوں پر بیٹھ کر بور نہ ہوجائیں اور Refresh ہوجائیں۔انہیں رہائشی جگہ میں چھوڑ دیا جائے، کیونکہ وہ تہجد سے اٹھے ہوتے ہیں اس لیے یہ وقت سکون حاصل کرنے کے لیے ہے۔تاکہ وہ آئندہ کلاس کے لیے تازہ دم ہوجائیں ۔ 11:00 تا 1:00 پھر کلاس ہوگی ، ہر دس پر ایک faculty جو بنایا گیا ہے ان کی ذمہ داری ہے کہ ہوم ورک چیک کریں یا ہوم ورک چیک کرنے کے لیے الگ سے دو عالم مقرر کیے جائیں۔
  نوٹ: طلبہ چاہے 70 ہوں یا 100 ہوں یا 200 ہر دس پر faculty رہے تو طلبہ پر توجہ بنی رہے گی۔
- ہوم ورک چیک ہونے کے درمیان memory time, fun learning اور دیگر activities کے لیے وقت استعمال کیا جائے۔ اس میں vocabu- lary treasure سے 100 اسماء قرآن اور 100 افعال قرآن یاد کرائیں جائیں۔ Arabic conversation کرایا جائے ۔ سٹیج پر دو کا گروپ بلا کر

کنورزیشن کرنے کے لیے کہا جائے۔ اور کلا س میں گروپ بنا کر اساتذہ محنت کریں vocabulary اور conversation یاد کراتے رہیں۔ہر دن سٹیج پر بلا کر conversation کرایا جائے۔

نوٹ: مادری زبان کے فطری طریقے کو سامنے رکھ کر یہ کورس چونکہ ڈیزائن کیا گیا ہے ۔ بچے کو دیکھا گیا کہ وہ ماحول میں گفتگو سن کر بولنے لگتا ہے ۔ ہندوستان میں عربی ماحول نہ ہونے سے کوئی عربی ٹھیک بول سکتا نہیں۔

- Simple formula ہے کہ جو بہرا ہوتا ہے وہ گونگا بھی ہوتا ہے۔ اس لیے جہاں لکھایا پڑھایا جاتا ہے لیکن بات نہیں کی جاتی ہے تو طلبہ لکھنے پڑھنے کے قابل تو ہوجاتے ہیں لیکن بولنے میں رکاوٹ پیدا ہوجاتی ہے۔
- 11 تا 1 کے درمیان اس کورس کا Conversation اور Vocabulary آڈیو سنانا نہ بھولیں بلکہ ان کے موبائل میں ڈال کر دیں تاکہ وہ بار بار سنتے رہیں۔
- اس لحاظ سے پہلا سبق تین حصوں پر مشتمل ہوا۔
- 6:30 تا 8:30= theory time
- 8:30 تا 11:00 breakfast + H.W + relax
- 11:00 تا 1:00 H.W check+ activity time + memory time

نوٹ: طلبہ کو بار بار یاد دہانی کرائی جائے کہ وہ چارٹس کو بار بار دیکھتے رہیں اور خصوصاً مین چارٹ کو دیکھتے رہیں تاکہ ٹارگیٹ واضح رہے۔

پہلا دن -دوسرا سبق

- 3:00 تا 4:30 دوسرے سبق کی theory لی جائے۔

نوٹ: یاد رہے جب بھی آپ theory لیتے ہیں طلبہ کو نام اور definition میں ہرگز نہ پھنسائیں۔کیونکہ یہ فطری طریقہ پر کورس بنایا گیا ہے اس لیے کہ بچہ دنیا میں پھیلی ہوئی چیزوں کے بارے میں خود سوال کرکے معلوم کرلیتا ہے۔ اس طرح پہلے concept بتایا جائے بعد میں نام اور definition سمجھایا جائے۔

- یہ سبق دیکھنے میں بڑا معلوم ہوتا ہے، ص:23 تا 65 تک دوسرا سبق ہے، لیکن گھبرانے کی بات نہیں ہے۔کیونکہ Eligibility میں جو 40 Golden Words ہیں وہ یاد کرلینے کے بعد اسی میں انہیں پہنانا ہے۔

(انہیں مضارع اور امر و نہی کے بنانے کا طریقہ ابھی بتایا نہیں گیا)

انہیں پہنانے کی کوشش کرائی جائے ، غلطی کریں تب بھی کوئی بات نہیں ۔ دسویں سبق میں وضاحت آئے گی۔

- چالیس کو چار سو میں convert کرنا بتائیں، عمومی طور پر pattern بدلتا نظر نہیں آئے گا۔
- دوسرے سبق میں بورڈ کے پاس نہ ٹھہریں بلکہ جہاں چارٹ ہے وہاں ٹھہر کر پڑھائیں۔
- طلبہ کو اس چارٹ سے مانوس کردیں۔ اور یہ خوش خبری دی جائے کہ تم نے تو صرف چالیس ورڈ یاد کیے تھے لیکن یہ چار سو کس آسانی سے آپ بتانے کے قابل ہوچکے ہیں۔ طلبہ محسوس کرینگے کہ کوئی بھی ورڈ دیا جائے وہ چار سو کرلینگے۔
- تبدیلیاں: کبھی "ما" آرہا ہے کبھی "قد" آرہا ہے کبھی "سین" کبھی "سوف" ، کبھی زیر زبر جزم ہورہا ہے۔ لیکن عمومی طور پر Pattern وہی رہے گا۔

- طلبہ اس بات پر خوش ہوجائینگے کہ چالیس ورڈ یاد کرلینے سے چار سو ورڈ بنانے پر گرفت حاصل ہورہی ہے ۔
- طلبہ سے کہا جائے اپنی Vocabulary Book نکالیں اور 100 افعال سے ہر ایک کے چالیس ورڈس بنائیں۔
- اس مختصر کورس میں تبدیلیوں کی وجہ بتلانے کے بجائے وہ صرف تبدیلیوں کو catch کرلیں تو بہتر ہے۔ آگے بڑھ کر بڑے کورس یا self study سے وجہ معلوم ہوجائے گی۔(حیات باقی تو کام باقی۔ ان شاء اللہ)
- زبر زیر کی غلطی ہوسکتی ہے ، طلبہ کو غلطی کرنے کا خوب موقع دیا جائے تاکہ سیکھ سکیں ، اسے کہتے ہیں Self Correct Thinking یا Enquiry method۔ بس ان کے ذہن کو کام پر لگایا جائے ۔
- آپ نے روز مرہ کی زندگی میں دیکھا ہوگا کہ چنے کھانے کے لیے بھگنے دیا جاتا ہے۔ایک معنوں میں افعال کی تبدیلیاں ابھی جو بتائی جارہی ہیں یہ چنے بھگانے کے مترادف ہے۔ 11 اور 12 سبق میں یہ بھگے چنے کام آئینگے۔ان شاء اللہ۔

خوش خبری:

ان سے کہا جائے کہ چالیس word کے ذریعہ انجانے words کو ان میں ڈھالنا آپ سیکھ گئے۔

4:30 تا مغرب :

نماز عصر، Swimming, Games, Relax , H.W، نماز مغرب

یہ ہوم ورک طلبہ کو بھاری گزرے گا لیکن مقصد حل کروانا نہیں قریب کروانا ہے۔ ذہنی طور سے آگے بڑھے گا۔

مغرب سے ایک تا دو گھنٹے :

H.W Check, Activity, Memory Time

Stage پر بلا کر Arabic Conversation کروایا جائے، گروپ بنا کر میموری یاد کرائی جائے، اور قرآن مجید کے مختلف افعال کی گردان کرائی جائے۔

استاذ کو چاہیے کہ قرآن مجید سے مختلف افعال کی مثالیں بیان کریں۔

مختلف افعال کی قرآنی مثالیں sticky board پر لگائی جائیں اور طلبہ کو اس پر غور کرنے لگائیں ، افعال کو لال کردیا جائے۔

دوسرا دن – تیسرا سبق

- بورڈ پرکچھ ورڈ "ال" کے ساتھ اور کچھ بغیر "ال" کے لکھ دیے جائیں۔ طلبہ سے پوچھا جائے دونوں میں کیا فرق نظر آرہا ہے؟ تھوڑا سا تقریب فہم ، ان میں انکوائری پیدا ہوگی۔
- پھر اس کے بعد معرفہ کی سات قسموں کے ورڈ لکھے جائیں۔ یاد رہے نام اور Definition کا ذکر نہ کریں، جیسے : ابراہیم، ہ ھما ھم ، ھو ھما ھم، ذلک۔۔، الذی۔۔، الکتاب ، کتاب الرجل، یا زید۔

- طلبہ سے پوچھا جائے کہ ان سات میں کیا فرق نظر آرہا ہے، ہم نے یہ کیوں لکھا؟ (Enquiry Mind) ، پھر سمجھایا جائے : ایک چیز عام ہوتی ہے اور ایک چیز خاص ۔ عربی میں خاص کے لیے یہ سات طریقے ہیں۔
- نام اور definition سے پہلے concept دیا جائے پھر نام اور definition دیا جائے، یہ بہترین طریقہ ہے۔
- قرآن مجید کی مثالوں کو طلبہ سے پڑھایا جائے۔ اور طلبہ سے پوچھا جائے کہ کونسی قسم کا معرفہ ہے۔ص: 68 تا 70 سے پڑھایا جائے۔
- نوٹ: آنے والے دوتین سبقوں کا ابھی سے mind بنایا جائے ، ٹارگیٹ کلیر کیا جائے ، اور مفرد ، تثنیہ ، جمع کو جاننا کیوں ضروری ہے ، مذکر مؤنث کا جاننا کیوں ضروری ہے؟ کیونکہ عربی کے جملے حساس ہوتے ہیں ۔
- حروف شمسی اور قمری کی مثالیں بورڈ پر لکھ دی جائیں بغیر نام اور definition کے پھر طلبہ سے پوچھا جائے کہ کیا فرق ہے؟

نوٹ: طلبہ کا بار بار یہ ذہن بنایا جائے کہ معرفہ نکرہ ، مذکر مؤنث ، مفرد تثنیہ جمع جتنا اچھا سمجھیں گے Sentence بنانے میں آسانی ہوگی کیونکہ جملوں میں ان تمام باتوں کا خیال رکھا جاتا ہے۔یہ Target دیا جائے ، صرف ہوائی یاد کرنا کافی نہ ہوگا۔

- طلبہ سے کہا جائے کہ قرآن سے معرفہ نکرہ پہچاننے کی طاقت پیدا کی جائے۔
- Vocabulary book کھول کر کہا جائے کہ ان میں معرفہ نکرہ کیا ہیں؟
- Word to word Quran کھول کر معرفہ نکرہ کی پہچان کرائی جائے ۔
- ص:71 میں کلاس ورک activity ہے وہ کرائی جائے۔
- 8:30 تا 11:00 کے درمیان ہوم ورک دیا جائے، چارٹس تیار کرنے کے لیے کہا جائے، معرفہ نکرہ کی مثالیں اپنی طرف سے کہیں سے بھی قرآن کھول کر اکٹھا کرنے کے لیے کہا جائے۔
- 11:00 تا 1:00 ہوم ورک چیک کیا جائے ، اعادہ کرایا جائے، جو سب سے کامیاب چارٹ ہے اسے sticky board پر لگایا جائے۔

نوٹ: کلاس ورک اور ہوم ورک اچھی طرح کرایا جائے۔معرفہ اور نکرہ اچھے طریقے سے ان کے ذہنوں میں بٹھایا جائے۔کیونکہ یہ turning point ہے۔

دوسرا دن – چوتھا سبق

3:00 تا 4:30 theory time

نماز ظہر اور ظہرانہ سے فارغ ہونے کے بعد

- مذکر اور مؤنث کی پہچان بڑی محنت کے ساتھ کرائی جائے۔ طلبہ کو بار بار یاد دلایا جائے کہ یہ جملے بناتے وقت آپ کو کام آئیں گے۔ مشابہت اور similarity کام میں آئے گی۔
- بغیر کسی مقصد کے بتائیں گے تو وہ بے زار ہو جائیں گے، جس طرح فوجی کو یاد دلایا جاتا ہے۔

- ص: 72 کا چارٹ خود لکھیں یا sticky board پر لگائیں۔ اور مثالوں کے ذریعہ سے پوچھیں کہ کیا فرق نظر آرہا ہے؟ ان میں فرق کرنے کی سوچ اور طاقت پیدا کریں۔ طلبہ جب بتائینگے کہ "ۃ ، اء، ی" کے ساتھ مؤنث سمجھ میں آرہی ہے۔
- طلبہ سے کہا جائے کہ یہ تین چیزیں ایسی ہیں کہ پہچان کے علاوہ بنانے میں بھی کام آسکتے ہیں۔
- ساتھ ہی مؤنث کی دو اور قسمیں بھی سمجھائیں۔ وہ یہ کہ علامت کے بجائے معنی سے پہچانا جاتا ہے۔ جیسے : اُم ، اخت وغیرہ۔

  اور سماعی مؤنث یعنی جو عرب نے کہی ، جیسے : نار ، حرب ، عین، اذن (انسانی اعضاء کے جفت اعضاء)
- آخر میں یہ بھی بتایا جائے کہ مؤنث کی علامت رہ کر بھی مذکر ہوتا ہے۔ جیسے: طلحہ ، علامہ ، خلیفہ وغیرہ۔

Tip

- اگر تین علامتیں ذہن نشیں نہ ہوں تو ایک اور طریقہ یہ بھی ہے کہ :
- "ۃ" کو ربّن کی طرح بنادیں ، جو عورتیں باندھتی ہیں۔
- "ی" کو اس طرح سمجھا جائے کہ دلہن بیٹھی ہے شرما کر۔
- "اء" چادر بنادیں ، عورت جب گھر سے نکلتی ہے تو پہن کر نکلتی ہے۔
- اس طرح symbolized کرکے سمجھایا جاسکتا ہے، کیونکہ مدت کم ہے اس لیے تصویری انداز میں سمجھائیں ، اس کے علاوہ بھی logic استعمال کریں۔

  نوٹ: ابھی تک ہم اسم ہی میں چل رہے ہیں ، ہمیں اسم اور جملہ اسمیہ سمجھنا ہے اس کے بعد فعل اور جملہ فعلیہ کو سمجھنا ہے۔
- قرآن سے مذکر اور مؤنث کی پہچان کرائی جائے۔ ان سے بتانے کے لیے کہا جائے تو اندازہ ہوگا کہ کتنا سمجھ پائے ہیں ۔ ص:74 کلاس ہی میں کرادیں۔
- Vocabulary سے مذکر اور مؤنث کی پہچان کرائی جائے۔
- قرآن کے سوروں سے مذکر اور مؤنث کی تقسیم کرائی جائے۔ اسی طرح معرفہ نکرہ کے نام تازہ ہوجائینگے۔

عصر تا مغرب :

Games + Relax + H.W

مغرب تا عشاء:

Memorize + Action + H.W check

- یاد کرنے اور اسٹیج پر آکر conversation کرنے کے لیے کہا جائے تاکہ ڈر نکلے ۔ Audio & Video سنایا جائے۔
- ہوم ورک چیک کرنے والوں سے ڈیمو کرایا جائے۔ شوق دلانا نہ بھولیں۔ عربی کی اہمیت بتانا نہ بھولیں۔ چونکہ طلبہ کے اندر سے آہستہ آہستہ شوق جاتا رہتا ہے۔
- آخر میں سورتوں کے معنی بتلا کر مذکر مؤنث وغیرہ پہچاننے لگایا جائے۔اس طرح شوق بڑھ جاتا ہے، جس طرح تھمے سمندر میں موجیں آجاتی ہیں۔ ان شاء اللہ۔
- الغرض دو چیزوں پر زیادہ توجہ دی جائے :

1. طلبہ کے شوق اور دلچسپی کو برقرار رکھیں۔

2. ساتھ ساتھ محنت کرائی جائے۔

- یہ کورس مختصر مدت میں شوق اور محنت کے بغیر مکمل نہیں کیا جاسکتا۔ دعا کریں اور استاذ بھی دعا دے ، دعا سے مشکلیں آسان ہوجاتی ہیں۔ اللھم لا سھل الا ما جعلته سھلا۔۔۔

تیسرا دن – پانچواں سبق

- طلبہ کو بتایا جائے کہ یہ سبق بہت اہم ہے۔ توجہ دینے کی خاص ضرورت ہے۔ عام بول چال ہو یا قرآن مجید کے سمجھنے میں یہ بہت کام میں آنے والا سبق ہے۔
- سب سے پہلے چارٹ اتاریں جو ص:76 پر ہے۔ مذکر اور مؤنث کے مفرد، تثنیہ اور جمع کا چارٹ بنایا جائے۔ definition اور نام بتائے بغیر ان کا enquiry mind جگایا جائے، چاہے آدھا گھنٹہ چلا جائے جلدی نہ کریں ،یہاں تک کہ وہ یہ نہ سمجھ لیں کہ "مسلم " اصل ہے "ان" اور "ون" بڑھنے سے معنی میں فرق آیا ہے۔
- یہ تبدیلیاں کیوں ہورہی ہیں؟ اس کے بعد نام اور definition بتایا جائے۔(اور اگر ایسا نہ کیا جائے تو رٹنے لگ جاتے ہیں۔)
- یہ وجہ بھی بتائی جائے: جہاں "ان " ہوتا ہے تو کیوں؟اور "ین" ہوتا ہے تو کیوں؟
- یہ بھی بتایا جائے کہ جمع مؤنث "منفقاتًا" کیوں نہیں ہوتا ۔ (دو زبر کیوں نہیں آتے)
- ACTIVITY: لفظ بلفظ ترجمہ قرآن سے مفرد ، تثنیہ، جمع نکالنے کے لیے کہا جائے۔ یا ان کے پسندیدہ سورۃ سے۔
- پھر ہوم ورک کرنے پر توجہ دلائی جائے۔
- اُستاذ کو چاہیے کہ مذکورہ چارٹ گردان کی طرح رٹا دیا جائے ، امید کہ وہ سمجھ جائیں گے۔

  نوٹ: طلبہ کو بار بار یاد دلایا جائے کہ مفرد ، تثنیہ ، جمع اسی طرح مذکر ، مؤنث اور معرفہ نکرہ کا جاننا بہت ضروری ہے۔کیونکہ جملہ بناتے وقت similarity کا خیال رکھنا پڑتا ہے۔

- جس طرح اردو میں مرد کو عورت کہہ کر جملہ بنایا جائے تو کیا وہ درست ہوگا؟
- Theory class ختم ہونے سے پہلے طلبہ سے کہا جائے کہ حروف جر کے بعد والے اسم پر کیا لگتا ہے؟
- کبھی ایسا ہوتا ہے کہ حروف جر کے بعد والے پر جر نظر نہیں آتا ۔ بورڈ پر ایسی مثالیں لکھ کر سمجھائیں۔ قرآن میں ایسے لفظ آئے ہیں ان کو منصرف اور غیر منصرف کہتے ہیں ۔
- یاد رہے منصرف اور غیر منصرف یاد نہ بھی ہوں تو بڑا مسئلہ نہیں لیکن علم دینا ضروری تھا۔

تیسرا دن- چھٹا سبق

سبق : 6،7،8 کو ایک ساتھ پڑھانے کی کوشش کریں۔اور دہرا دہرا کر پڑھائیں، آخر میں وہ کہیں کہ بس بس بس ، سمجھ میں آگیا۔

- اس سبق کو پڑھانے کا طریقہ یہ ہے کہ چار قسم کے pattern بورڈ پر لکھے جائیں:

  الرجل الکریم، رجل کریم، الرجل کریم، قلم الرجل

- طلبہ سے پوچھا جائے کہ ان چاروں میں کیا فرق نظر آرہا ہے؟

1. دونوں پر "ال" ہے ، 2۔دونوں پر نہیں ، 3۔پہلے پر ہے دوسرے پر نہیں ، 4۔دوسرے پر ہے پہلے پر نہیں ۔
2. ابھی تک جو ہم پڑھ رہے تھے معرفہ ، نکرہ ، مذکر، مؤنث، واحد ، تثنیہ ، جمع۔ اب آئیے الفاظ کو جوڑتے ہیں جس سے جملہ بنتا ہے۔ الفاظ کو جوڑنے کی چار صورتیں ہیں ۔ (ابھی نام اور definition نہ بتائیں)۔ عمومی طور پر جملے اس pattern پر آتے ہیں۔
3. یہ سمجھنے کے بعد ص: 80 کے قواعد کو اچھی طرح define کیا جائے۔ نام بھی بتائے جائیں۔
4. ہر قاعدے کے کچھ استثنائیات ہوتے ہیں ۔" اقلام طویلۃ" میں پہلا جمع دوسرا واحد ہے۔ اس کی وجہ بتائی جائے کہ اس پر قرآن میں کافی آیتیں آئی ہیں ، عرب استعمال کرتے تھے تو قرآن نے ان کا standard باقی رکھا۔

4:30 تا مغرب

H.W + Activities

مغرب تا عشاء

- اب چونکہ جملے سمجھ چکے ہیں conversation میں آسانی ہوگی۔conversation کے جملے کا اعراب اور conversation کی activity پڑھائی جاتی رہے۔
- ہوم ورک محنت سے کرایا جائے۔ اگر وہ کمزور ہوں تو تھیوری دہرائی جائے۔

چوتھا دن – ساتواں سبق

- پہلا نکرہ دوسرا معرفہ ہے۔
- "ال" کا ہی معرفہ معلوم ہے یا دوسرے بھی ہیں؟ اس طرح پھر سے سات قسم کے معرفہ کا revision کرایا جائے۔ مضاف مضاف الیہ خود بھی معرفہ کی ایک قسم ہے۔
- طلبہ کو بار بار یاد دلایا جائے کہ عربی جملوں کی دو بڑی قسمیں آپ کو شروع میں بتلائی گئی تھیں ۔ ایک ہے جملہ فعلیہ جہاں ہم ابھی نہیں پہنچے، دوسرا ہے جملہ اسمیہ ، جس کے چار pattern ہم سیکھ رہے ہیں۔ ان چاروں Pattern کو دو حصوں میں تقسیم کرلیں۔
- پہلے گروپ کو سمجھنے کی کوشش کریں ۔ "ال" دونوں میں ہے یا دونوں میں نہیں ہے۔ اس وقت بھاری ہورہا ہوتو دلچسپی کے لیے کہا جائے یہ جڑواں بھائیوں کا گروپ ہے ۔ اس گروپ کی دس quality بتائی جائیں۔ ص:81 کا نقشہ سامنے رکھا جائے اور بتائیں کہ یہ موصوف صفت ہے۔ دوسرا گروپ مبتدا خبر اور مضاف مضاف الیہ کا ہے۔
- یہ نام یاد دلائے جائیں گروپ کی شکل میں :

معرفہ موصوف صفت	نکرہ موصوف صفت	مبتدا خبر	مضاف مضاف الیہ
معرفہ موصوف صفت	نکرہ موصوف صفت	مبتدا خبر	مضاف مضاف الیہ
معرفہ موصوف صفت	نکرہ موصوف صفت	مبتدا خبر	مضاف مضاف الیہ
معرفہ موصوف صفت	نکرہ موصوف صفت	مبتدا خبر	مضاف مضاف الیہ

آج کے سبق میں موصوف صفت سمجھانے پر ہی توجہ دیجیے۔

- ہر طالب علم اس نقشہ کو اپنے ہاتھ سے لکھے اور creativity دکھائے، color language میں سمجھائیں اور "ولدٌ صالحٌ" کے اعراب پر گول دائرہ بنا یا جائے اسی طرح دیگر تبدیلیوں کو highlight کرکے بتایا جائے تاکہ اچھی طرح سمجھ میں آجائے۔
- ص:81 کلاس ورک اچھا کرایا جائے۔ پہچانو، اسی طرح کچھ ورڈ دے کر اپنی نگرانی میں کرائیں۔
- چارٹ ص: 81 کو گردان کی طرح پانچ منٹ اجتماعی طور پر یاد دلایا جائے۔ ہوم ورک کے وقت یہ رٹا ہوا یاد آئے گا۔
- طلبہ سے پوچھا جائے کہ ہم نے مفرد تثنیہ جمع کو کیوں اتنی محنت سے سمجھا، مذکر مؤنث کو سمجھا، ورنہ یہاں کس طرح similarity لاتے ؟ ٹارگیٹ واضح رہے۔

اس کے بعد کا وقت: H.W + Relax

طلبہ سے کہیں کہ نئی مثالیں لائیں Vocabulary Book دیکھ کر، Dictionary کی مدد لے کر موصوف صفت بنائیں۔

مضاف مضاف الیه:

- پہلے یہ سمجھائیں کہ کیا اس میں Ownership کا معنی نہیں پیدا ہورہا ؟ جی ہاں کسی چیز سے تعلق جوڑنے کا معنی پیدا ہورہا ہے۔
- "کا، کی، کے" کا معنی ہوتا ہے۔ ابھی نام اور Definition نہ بتایا جائے، ذہن بند کرنے اور Root-learning سے بچائیں، ذہن میں بٹھایا جائے۔

عمومی طور پر ص: 82 کا نقشہ بورڈ پر اتاریں اور اس کے اندر ان باتوں پر غور کرائیں:

- پہلے کو مضاف کہتے ہیں دوسرے کو مضاف الیہ۔
- مضاف الیہ کے آخر میں جر اور مضاف کے آخر میں بدلاؤ ہوتا ہے، یہ ذہن میں رکھیں۔
- ص:82 پر مختلف شکلیں ہیں فرق پہچانیں۔
- کہیں مضاف الیہ علَم ہے، کہیں ضمائر ہے، کبھی مضاف الیہ جملہ بن جاتا ہے، کبھی مضاف جملہ بن جاتا، کبھی دونوں ---
- پہچاننے کا طریقہ: کبھی زیر سے اور کبھی معنی دیکھ کر پہچانا جاتا ہے۔

گزشتہ اسباق کی ترتیب کو سامنے رکھ کر آئندہ اسباق پڑھائے جائیں۔

COURSE 2

المحادثات العربية

مع خزانة الكلمات العربية

2

CONVERSATION BOOK

1) Basic Level

المرحلة الابتدائية

2) Advance Level

المرحلة المتقدمة

كتاب المحادثات العربية

Arabic Conversation Book

Part 1

1 Basic Level - المرحلة الابتدائية

قوت محادثہ کے لیے:

- اچھے لہجے (اصول تجوید)،
- اچھے کلمات (vocabulary)،
- اچھے بنے بنائے محادثات ،
- کچھ قواعد نحو و صرف ،
- قرآن و احادیث اور قصص کا فہم ممد ومعاون ہوتا ہے۔
- خاص طور سے بنے بنائے مرتب عربی محادثات و تعبیرات

ان سب کو پڑھنا، یاد کرنا، دہرانا ااور اپنا ہی آڈیو سن کر ماحول بنانا ضروری ہے۔یہی وجہ ہے اس کتاب میں محادثات کے لیے ممد و معاون علوم و مبادیات کا بنیادی طور پر ذکر کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے

Index

Page no.

Chapter 1 - اَحْكَامُ التَّجْوِيْدِ

Chapter 2 - المفردات مع التصاوير

Chapter 3 - الْقَوَاعِدُ الْأَسَاسِيَّةُ لِلُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ

Chapter 4 - الكَلِمَاتُ الْعَرَبِيَّةُ وَالْمُحَادَثَاتُ

Chapter 5 - حِفْظُ الْأَحَادِيْثِ

Chapter 6 - التدريبُ لِقِراءةِ الجُمَلِ الْعَرَبِيَّةِ

ایک نئی زبان سیکھنے کے لیے 6 زاویوں پر توجہ ضروری ہے

انسیت یا مانوسیت ہو تو خود بخود زبان چلنے پر اجنبیت کا احساس ختم ہو جاتا ہے۔

1

فرصة السماع والبيئة
Listening Power
(Cd of Audio phrases) +
Environment
قوتِ سماعت + قوتِ ماحول
خود اپنی آواز میں محادثات ریکارڈ کرکے سنتے رہیے

2

جھجک ختم کرنے میں مددگار

قوة الحفظ للتعبيرات المجهزة والاستخدام للمحادثات والخطب المجهزة
Memorization of phrases & prepared talks
+ Practice
قوتِ حفظ + استعمال

3

مبادئ التجويد والاسلوب
Basic Tajweed
(pronounciation & style)
تجوید + قوتِ اسلوب

زیادہ دیر تک ذوق کی تسکین اور کلام میں لطف آنے کے لیے اسلوب عربی ہونا ضروری۔

4

علم الاصوات وحركاتها وسكناتها
Intonation + Speed
زیر و بام + رفتار

عربی اسلوب کی انسیت کے لیے کافی مفید ہے

5

مبادئ علم النحو والصرف مع البلاغة والفصاحة والبديع
Some Basic Grammar
+ Elocution
بنیادی عربک گرامر + قوتِ فصاحت

گرامر سے زیادہ سننے پر توجہ دیں لیکن گرامر کا حصہ بھی نظر انداز نہ ہو۔

6

خزانة الكلمات العربية
Vocabulary
الفاظ و معانی کا ذخیرہ

پٹرول جتنا زیادہ ہوگا گاڑی اتنی آگے جائے گی۔
Vocabulary کی مثال گاڑی میں پٹرول کی مانند ہے۔

Arabic Conversation
6 اِبعاد/ 6 زاویے
6 Dimensions

- فصاحت و بلاغت کا مرحلہ بہت بعد کا ہے اس کے علاوہ دیگر مذکورہ زاویوں پر ابتدا ہی سے توجہ دی جائے۔
- CD ضرور حاصل کیجیے اور بار بار سنیے اس سے (1) اجنبیت کا احساس ختم ہوگا، (2) انسیت پیدا ہوگی، (3) اسلوب کا پتا چلے گا، (4) ماحول قائم ہوگا، (5) کان کے ذریعہ پردۂ احساس و شعور سے گزرتے ہوئے زبان سے جاری ہونا آسان ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ
- جو بہرہ ہوتا ہے وہ اکثر گونگا بھی ہوتا ہے لہٰذا کان کو عربی سننے کا موقع دیجیے۔
- بچہ سنتا ہے اور مادری زبان بولنے لگتا ہے۔
- ماحول ہونا ضروری ہے، CD سے ماحول بنایا جاسکتا ہے یا خود اپنے موبائیل سے ریکارڈ کریئے اور سنیے۔

9 نصیحتیں

(کسی بھی زبان میں گفتگو کے لیے)

کسی بھی زبان خصوصًا عربی زبان میں گفتگو سے قبل مندرجہ ذیل نصیحتوں پر توجہ دی جائے تو ان شاء اللہ عربی گفتگو میں کافی مدد ملے گی اور گفتگو میں پائی جانے والی رکاوٹوں کو دور کیا جا سکتا ہے۔ ان شاء اللہ، باذن اللہ۔


اللہ کی مدد اور اس سے دعا کے بعد ہر مشکل آسان ہوجاتی ہے۔ اس لیے اس دعا کو ضرور یاد رکھیں اور پڑھتے رہیں:

اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ إِلَّا مَا جَعَلْتَهُ سَهْلًا، وَأَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ إِذَا شِئْتَ سَهْلًا. (السلسلة الصحيحة: 2886)



عربی میں گفتگو کی آسانی کے لئے:

1 عام طور پر گرامر پر زیادہ توجہ دی جاتی ہے جبکہ زیادہ توجہ سننے (listening power) اور استعمال (practice) کرنے پر دینی چاہیے۔



2 مادری زبان والے گرامر کم جانتے ہیں لیکن گفتگو کر لیتے ہیں لہٰذا مادری زبان والوں سے بار بار سبق لینا سیکھیں۔



3 اپنے کان کو سنا کر مانوس کریں اور Prepared Phrases کو غور سے سن کر تدبر کرنے کی کوشش کریں۔
خود اپنے موبائل میں ریکارڈ کرکے بار بار سنیے

مرحبا
صباح الخير
مساء الخير
أهلا وسهلا
وداعا
كيف حالك؟

4

